بیچھ گذرنے سے قریباً دو ماہ پہلے سو گا میں جا کر اپنے بیٹوں کے بیچ آرام کی جگہ بنائی کہ اس سے تیرا کا مجھ پر سایہ رہیگا اور یہاں پر مجھے دفن کرنا گذرنے سے ۱۳ دن پہلے جو کہ اگلے بڑے بھائی بابو گمانی صاحب کی بیماری کی خبر آئی۔ جس رات وہ وہاں گذرے ہیں اوسی شب یہاں کوہ جواب آئی کہ کوئی جلسہ ہو اکثر لوگ جمع ہیں پادری فورمن صاحب اور شیپ فرنچ صاحبان مرحوم بھی وہاں موجود ہیں۔ ایک سفید چادر کا فرش نہایت خوبصورت بچھی ہے۔ بھائی گمانی نے بھائی بیرن کو ایک کرسی پیش کی کہ تم یہاں بیٹھو۔ انہوں نے اگلی چوکی پر اپنے بڑے بھائی کو بٹھایا اور کہا کہ میں پیچھے پر بیٹھ جاتا ہوں۔ آنکھ کھولی تو کہنے لگے کہ میں نے ایک خواب دیکھی ہے نیز کرتوتی جاتی ہے شاید بھائی گمانی فوت ہو گئے۔ تیسرے دن خبر آئی کہ اُسی دن وہ ہو گذرے ہیں بہت افسوس کیا اور دسویں دن خود بھی پچھلی چوکی پر اپنے بھائی کے پیچھے جا بیٹھے۔ ۲۰ دسمبر کو بخار معمولی آیا اور گھر کے لوگوں سے کہا کہ یہ میری موت کی بیماری ہے بخار رفع ہو گیا لیکن رات کی

رات کو نہایت کمزوری کی حالت میں کئی مرتبہ دعا مانگی اور ایک چشمہ شافی جاری ہے مسیح کے لہو کا اور ہم گنہگار اُس میں غوطہ کھا کر ایک ایک گذر جاتا ہے بیہوشی کی حالت میں سسکتی آواز میں سنائی دیا کر کہا کہ فرشتے ادھر آتے جاتے ہیں۔

فوراً کے ۵ بجے تک بیہوشی میں بھی یہی حالت رہی پھر ہوش آئی اور چلہ دیکھی تب گھر کے لوگوں سے کہا کہ آج رات تو ہم نے خیال کیا کہ خداوند ہمکو بلا لیگا جواب دیا کہ میری حالت ابھی نہیں ہوئی تھی تب پھر سوال کیا گیا کہ کیا اور بھی گئے تھے؟ جواب دیا کہ میرا وقت ابھی نہیں ہوا تھا تب گھر کے لوگ سمجھے کہ شاید خدا نے جان بخشش دی ہے۔

اور اپنے گھر والوں کو وصیت کی اور کہا کہ ہمیشہ دعا مانگتے رہنا نیز آپس میں میل سے رہنا۔ اپنے بیٹوں اور بھتیجوں کو اور اپنے رشتہ داروں میں سے ہر ایک کو بلا کر سب کی نسبت کہا کہ مجھے رہا اور کر سو گا میں مدفون کرنا اور چھوٹے بیٹے کو جو ہر کرنے کے لئے فرمایا بڑے بیٹوں کو وہ وقت بر نسک ہے ۳ تاریخ کی دوپہر کو کہا اچھے ہے اور اپنے پوتوں پوتیوں سے خوش ہو کر پونے ۳ بجے شام کے ۳ بجے کہا کہ دعا مانگو چنانچہ دعا مانگی گئی اور پھر بیہوشی طاری ہوئی اور رات کے ۸ بجے جان بحق تسلیم ہوئے اُنکی بیماری گیا اور بیشمار ہندو مسلمان نے دیکھا اور ماتم میں شریک ہوئے اور قریب ضلع کے گاؤں جہاں دار کے اکثر مسیحی اور ۵ میل تک کے گاؤں کے مسیحی اور ہندو مسلمان لاہور کے ضلع کے قریباً ۳۰۰ آدمی سو گا میں اُن کی لاش کے دفن کرنے کے لئے جمع ہوئے۔ کیونکہ چار برس سے یہ لوگ اُن سے واقف تھے اور جس حال کہ وہ ڈاکٹر پدر نیگ صاحب کو نادی گئی یہ سبب دوری کے انتقال ہوا اُن کے فرزند ارجمند پادری ہمدرداس نے اپنے باپ کے دفن کی رسم ادا کی۔ اس لئے خداوند سے دعا ہو کہ اُنکے پسماندوں کو تسلی بخشے۔

واقعہ جدالس سکی کمیٹی کسٹ ملاقہ چونیاں ضلع لاہور۔

صبر گرسالڈز

ایک ملک کے شمال مغربی جانب بنام سیلسسی ایک ملک ہر زمانہ سلطنت میں وہاں کا ایک حاکم سسی والٹر تھا۔ یہ شخص نہایت و کمال عیش دوست اور تفریح اوقات میں یکتائے زمانہ تھا زیادہ تر وقت سیر و شکار میں ضائع کیا کرتا تھا غرض کہ امور سلطنت کو بخوبی سرانجام نہ دیتا تھا اور نہ اسے چنداں پروا تھی۔


باین ہمہ صفات ارکان سلطنت نہایت ناخوش تھے اور خواہش مند تھے کہ وہ کسی شریف زادی سے شادی کرلے کہ اگر وہ حالت تجرد میں انتقال کر جائے تو معلوم نہیں کہ کون اجنبی یہاں حکومت کرے گا۔ اور شاید وہ قبیل ان ہی کے سبب راہ پر آجاوے۔

پس ایک روز وہ تمام متفق ہو کر اُس کے پاس گئے اور اُن میں سے سب سے بزرگ نے وہ خواہش وہ وعدہ جو جملہ ارکان سلطنت کی جانب سے تھا عرض کیا اور نیز یہ کہ اگر گذارش منظور ہو تو وہ کسی صاحب عزت و عصمت کو دختر ملکہ ملک کے لئے انتخاب کریں۔

حاکم والا جاہ نے اس بات کو بہ خوشی منظور فرمایا کہ جس سے میں شادی کروں تم اُس کو بطور دختر شہنشاہ کے قبول کرو اور عزت دو۔ انہوں نے اس بات کا وعدہ دیا پھر شادی کا دن مقرر ہو گیا۔

غرضیکہ محل شاہی سے کچھ فاصلہ پر ایک چھوٹا سا گاؤں واقع تھا جہاں دیگر غربا و ایک ضعیف و معتبر اندھا بھی رہا کرتا تھا۔ اس شخص کی جو لغ خانہ و شمع کا ایک دختر نیک اختر تھی۔ نام اُس کا گرسالڈز تھا حسن میں

نور جہانی کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نہ مختر





بے مثل گفتگو میں شیریں مقال عالم جوانی کا جلال رخ سعادت سے عیاں تھا ویسے جیسا کہ حسن جسمانی میں یکتا تھی ویسا ہی حسن سعادت میں لاثانی تھی یوں کہو کہ نہایت صاحب تمیز صداقت پسند۔ صاحب عصمت۔ فرمانبردار و حق فرائض کو ادا کرنے میں پیش قدم جفاکشی میں اولوالعزم تھی +

یہ اپنے خوب وضعیف والد کے ساتھ کمال عزت سے پیش آتی تھی اور نہایت حسن سلوک سے اُس کی ہر ایک خدمت بجا لاتی تھی۔ گویا اُن کے لئے اکسیر بن جایا کرتی تھی اور اُس وقت کو بھی غنیمت جانکر جس کے سر پر کرنوں کا سنہری تاج ہو +

شب کی سیاہی رخصت ہوئی۔ مہتاب مع انواع انجم کے پردہ مغرب میں جا چھپا۔ آفتاب کی آمد سے عالم میں روشنی ہی روشنی ہو گئی گرسنلڈ بھی بستر خواب راحت سے بیدار ہوئی اور ادائے شکر یزدی کے بعد حسب معمول پانی بھرنے کو روانہ ہوئی اس وقت اس کو مطلق خبر نہ تھی کہ آج ملکہ حاکم ہو جائے گی +

چنانچہ کوئے پر اُس کو یاد آیا کہ آج حاکم والٹر کی شادی کا روز ہے دیکھئے خدا کیا پردہ غیب سے ظہور میں لاتا ہے اس ہی خیال سے وہ جلد لوٹ چلی کہ آج ہر ایک چیز جلد تیار کروں گی اور پھر دلہن بیگم صاحبہ کی زیارت کو آؤنگی +

لیکن عین اُس وقت جبکہ وہ پانی کی ٹھلیا لئے ہوئے گھر کے قریب آپہنچی ایک اور ماجرا ظہور میں آیا +

کیونکہ وہ ہمیشہ سلائی وغیرہ کیا کرتی تھی اور حاکم والٹر صاحب سیر و شکار کو کبھی اس طرف جاتے تھے تو ہمیشہ اس کو ہمہ وقت کاموں میں مشغول دیکھا کرتے تھے +

اور اس وقت میں جبکہ لوگوں نے اُس کو شادی کرنے پر مجبور کیا تو اُس نے یہ مستقل ارادہ کیا کہ ہرگز کسی اور کو بجز گرسنلڈ کے حیطۂ ازدواج میں نہ لاؤں گا۔ اُس نے کسی پر یہ راز ظاہر نہ کیا کہ وہ گرسنلڈ کو ملکہ بنانا چاہتا ہے جس نے

ہر ایک طرح کی پوشاکوں کی تیاری کا حکم نافذ کیا۔ اور عمدہ عمدہ زیورات نہایت گراں بہا اُس ساعی مقصود کے لئے خریدے لیکن اس اثناء میں اہل ملک نہایت مضطرب الحال و پریشان خاطر تھے کہ آیا وہ کونسی پری پیکر خجستہ فال ہے وہ چاند و شب سپہر کمال ہے جس کی آمد کی انتظاری ہے جس کی فرقت میں بے قراری ہے۔ دیکھئے زہے قسمت +

بیجئے وہ دن بھی آپہنچا +

صبح کا سہانا وقت۔ چڑیوں کا چہچہانا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کا چلنا۔ آفتاب عالمتاب کا کنارۂ شفق سے نکلنا۔ حاکم والٹر برق انداز کے ہمراہ جو اُس کی اردلی میں تھے دروازے پر آپہنچا +

حاکم والٹر۔

گرسنلڈ تمہارے والد کہاں ہیں؟ +

گرسنلڈ (جھک کر آہستہ خاکساری سے)

جناب عالی گھر ہی میں ہیں بیجئے میں ان کو ابھی خبر کیئے دیتی ہوں +

بعد ملاقات کے حاکم والٹر نے اُس ضعیف شخص کا ہاتھ پکڑ کر اظہار مطلب کیا +

وہ نہایت متحیر ہوا اور بجز اس کے کہ میں راضی برضا ہوں کچھ کہہ نہ سکا +

پھر حاکم نے کہا میں چاہتا ہوں کہ گرسنلڈ سے بھی اس کی بابت دریافت کروں پس وہ دونوں گرسنلڈ کے کمرے میں گئے اور وہاں حاکم نے اپنی خواہش ظاہر کی تب گرسنلڈ نے یہہ جواب دیا +

جناب عالی

بندی اس لائق نہیں ہے کہ آپکی بیوی بنے لیکن اگر یہہ آپکی مرضی اور میرے والد کی خوشنودی ہو تو میں حاضر ہوں اور یہیں آپ سے وعدہ کرتی ہوں کہ ہرگز ہرگز کبھی خیال و فعل میں بھی آپکی نافرمانی نہ کرونگی +

حاکم نے کہا اچھا عزیز گرسنلڈ بس یہی کافی ہے اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر صحن کی جانب دروازے پر لایا اور اپنے مصاحبوں سے کہا +

یہہ میری بیوی ہو بس جو کوئی مجھکو پیار کرتا ہو وہ بے چون و چرا اُس کو بھی عزیز سمجھے اور عزت دے +

باقی آیندہ

واقعات اور رائیں

بیوہ عورت کا قتل

قریب ایک ماہ کے عرصہ ہوا کہ مظفر نگر کے ایک محلہ چھیپی واڑہ میں ایک عورت قوم حسین جوجوان بیوہ تھی اور اکثر رات کو غائب رہتی تھی قتل کی گئی اس کے وارث کو اس امر کی تشویش ہوئی اور در پئے تلاش رہتے ہوا معلوم ہوا کہ اس کی کسی جگہ ملاقات تھی۔ علی الصباح جب وہ بھاگ کر آئی تو بیرحم وارث نے گنڈاسہ وغیرہ سے اُس کو قتل کر ڈالا سنا ہے کہ قاتل نے اقبال قتل کر لیا ہے اب وہ ظالم پاداش کو پہنچیگا۔ مقام عبرت ہے کہ بیواؤں کی یہہ حالت اور ان کے ورثا کی یہہ سختی + کانپور گزٹ

ہز ہائنس نظام

ہفتہ گذشتہ کو پرسوں کی صبح کو ہز ہائنس گھوڑے پر سوار ہو کر ایک بزرگ سنی مسکین پیشہ کا جو کہ بلدہ کے گرد نواح میں رہتے تھے گئے اور فقیر صاحب کو ہز ہائنس کی درخواست قبول کرنی پڑی۔ سنا ہے کہ اس کے بعد ہز ہائنس نے ان کے مطابق پانچ سو روپیہ نذر دی اور کچھ روپیہ باہر کھڑے ہوئے فقیروں کو تقسیم کیا

روم کا معاملہ

لنڈن سے خبر بذریعہ تار آئی ہے کہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند نے دست خاص سے لکھا ایک چٹھی سلطان المعظم کو روانہ کی ہے لیکن اس خاص چٹھی میں کیا لکھا ہے اس کی نسبت کچھ خبر نہیں ہے۔ زیتون یا نسا کی حالت بدستور ہے اور [illegible] ان طاقتوں کے جو کانسل بھیجیں میں وہ زیتون کو روانہ ہونے میں کہ [illegible] کو بچا [illegible] ہیں ۔ م

کوٹری روہڑی ریلوے

کوٹری روہڑی ریلوے کی تعمیر کا کام سرعت سے ترقی پا رہا ہے۔ کوٹری کی جانب فاصلہ قریب ۵۰ میل تک مکمل بن گئی ہے لیکن روہڑی کی جانب صرف ۳۰ میل تیار ہوئی ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ادھر سے چٹانوں کے کاٹنے کی وجہ سے کام مشکل تھا اور صرف ۴۰ میل کا فاصلہ طے کرنا باقی ہے کہ کوٹری سے روہڑی تک ریل تیار ہو جاوے گی۔ بہر حال شروع ریلوے درمیان حیدرآباد و [illegible] اور [illegible] جو فاصلہ ۱۰ میل ہے جنوری کو جاری ہو گی ۔ م

برما میں دربار نو

منڈلے سے خبر آئی ہے کہ وہاں دربار کی تیاریاں بڑی زور سے جاری تھیں [illegible] کے بعد [illegible] دربار [illegible] صاحب چیف کمشنر بہادر نے فرمایا ہے۔ ایوان دربار میں صاحب چیف کمشنر بہادر کے روبرو [illegible] شان کے رؤسا و سرداران کی نشست تھی۔ ان کے بعد شاہ معزول کے سابق وزرا کی نشست تھی۔ ان کے پیچھے منڈلے کے اعلیٰ [illegible] ڈپٹی کمشنران بیٹھے تھے اور ان کے بعد ملکی و فوجی افسروں کے [illegible] جلوہ افروز تھے۔ جہاں تخت کے عقب میں لیڈیاں تھیں اور دائیں بائیں افسران [illegible] صاحبان بیٹھے تھے۔ دربار ۲۰ کو ہونا تھا۔ اسی روز سہپہر کو جنرل [illegible] صاحب افسر افواج مدراس تشریف لائے اور صاحب چیف کمشنر بہادر اور تین سو افسران سول و ملٹری منڈلے میں رونق افروز ہوئے تھے ۔ م

راولپنڈی میں مقدمہ

اخبار [illegible] لکھتا ہے کہ راولپنڈی میں دفتر کمیسریٹ [illegible] کے ایک ہندو کلرک نے دو [illegible] عورتوں پر ازالہ حیثیت عرفی کی نالش کی ہے اور [illegible] دلانے کی [illegible] ایک نوٹس بھیجا تھا جس میں لکھا تھا کہ پریم سنگھ سے جو روپیہ بطور رشوت کے لیا ہے اس کو واپس کرو ورنہ [illegible] اس کے لئے عدالت میں چارہ جوئی کرے گی۔ پریم سنگھ ایک بیوہ کا لڑکا تھا اور دوسری بیوہ کا خاوند تھا۔ اس نوٹس کے پانے پر کلارک نے عدالت میں نالش کر دی۔ اخبار [illegible] لکھتا ہے کہ یہ مقدمہ بہت سنسنی خیز ہو گا ۔ م

گوا میں اور خرابی

بمبئی سے خبر آئی ہے کہ [illegible] گذشتہ کو مقام ستاری سے [illegible] شدہ فوج کے ایک سو جوان ایک گروہ مفسدان کی سرکوبی کے لئے جو شہر کے متصل [illegible] بھیجے گئے۔ یہ سپاہی ایک گھاٹی میں پہنچے تھے کہ چاروں طرف سے مفسدوں کے گھیرے میں آ گئے اور مفسدوں نے ان سب کو [illegible] کر ڈالا۔ [illegible] سپاہی قتل ہوئے [illegible] سخت مجروح ہوئے اور صرف ایک آدمی زندہ بچ کر واپس آیا ہے کہ جس نے یہ حال سنایا ہے۔ اس سخت بربادی کی خبر پا کر ایک ہزار فوج کو جو مقام [illegible] میں [illegible] ستاری کو [illegible] انتقام لینے کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ بھی خبر ہے کہ گورنمنٹ پرتگال نے گوا کے گورنر جنرل کو فوراً واپس بلایا ہے بلکہ حکم بھیجا ہے کہ اب جنگی قانون [illegible] کیا جاوے اور سول [illegible] قائم کیا جاوے ۔ م

چترال کی فوجیں

اخبار پاینیر سے معلوم ہوا کہ درگئی سے [illegible] تک ایسی سڑک بن رہی ہے کہ گاڑی بسہولت چل سکے اور [illegible] بڑی سرعت سے اس کام کو ختم کر رہے ہیں جس کے سبب فوج ہندوستان کو واپس آ سکے گی۔ چترال کی فوجوں کو بھی تبدیل کرنا ہے۔ وہ فوجیں [illegible] اور ان کی جگہ تازہ فوجیں جاویں گی۔ امید ہے کہ جب یہ سڑک [illegible] ہو جاوے گی بروقت ضرورت فوج کے لئے سامان غلہ و چارہ و لکڑی وغیرہ کافی مقدار میں ہر ایک منزل پر مقامی اقوام سے دستیاب ہو سکے گا اور اس کے لئے کوئی خاص انتظام نہیں کرنا پڑیگا۔ مقامی قومیں ان چیزوں کے بہم پہنچانے پر تیار ہیں کہ قیمت [illegible] ملے گی [illegible] سے مالا مال ہو جاویں گے ۔ م

شادی بیوگان کی مخالفت

کشمیر سے ایک پیغام بذریعہ تار موصول ہوا ہے کہ [illegible] کے ایک عظیم جلسہ میں جس میں دو ہزار سے زیادہ آدمی شریک تھے اور ان میں [illegible] اور پنڈت دونوں شامل تھے دیوان [illegible] صاحب کی کارروائی پر سخت ناراضی ظاہر کی گئی [illegible] گورنمنٹ میں بدنام کر کے اپنے من کی موج کو ترجیح دی گئی ہے اور لکھا ہے کہ جلسہ [illegible] دیوان صاحب سے [illegible] شادی [illegible] کے پاس [illegible] ہے جس نے اس کوشش [illegible] رکھا ہے۔ اس شادی پر [illegible] کے ظاہر کرنے میں [illegible] صاحبان نے [illegible] غلط فہمی کا پیدا کیا تھا [illegible] میں ایک [illegible] پیش کیا جاتا ہے۔ [illegible] ایک [illegible] جلسہ کا ذکر شائع کیا اور بعض لوگوں کا نام لکھا ہے جن میں ایک پنڈت [illegible] صاحب ہیں [illegible] کے ساتھ [illegible] گیا کہ یہ صاحب [illegible] کے ایک معزز خاندان کے [illegible]

معاملات ٹرنسوال

"تازہ خبروں آمدہ لندن سے معلوم ہوا کہ برٹش گورنمنٹ نے بحری طاقت کی مضبوطی کے لیے حکم دیا ہے کہ دس جدید جنگی جہاز اقسام کروزر بہت سرعت کے ساتھ پرائیویٹ یارڈوں میں تعمیر کیے جاویں۔ آسٹریلیا کی نوآبادیوں کی طرف سے جو پیغام ہمدردی اور وعدہ امداد کا وزیر اعظم برطانیہ کو بھیجا گیا تھا اس کے جواب میں لارڈ سالسبری صاحب بہادر نے اظہار شکریہ بیہ لکھا ہے کہ اپنے ملک کے حقوق کے قیام اور برقرار رکھنے میں انگلستان کو سب سے بڑا بھروسا اپنی نوآبادیوں کی رضامندی اور نیک امیدوں کا ہے۔ خاص پریٹوریا سے خبر آئی ہے کہ جو جنگ میں ٹرانسوال کی مجلس پارلیمنٹ کا اجلاس ہوا۔ یہاں پارلیمنٹ کو وولکسراڈ کہتے ہیں۔ یہ جلسہ صورت معاملات پر بحث کرنے کے لئے منعقد ہوا تھا لیکن ممبران کا فیلنگ جوش میں تھا اس باعث جلسہ ملتوی کیا گیا ہے۔ جوش کے تھمنے پر اجلاس کیا جاوے گا کہ کارروائی استقلال سے کی جاوے۔ مسٹر سیسل روڈز صاحب انگلستان کو روانہ ہو گئے۔ سر ہرکولیز رابنسن صاحب اور پریسیڈنٹ کروگر صاحب نے آخر کار بندوبست کیا ہے کہ ڈاکٹر جیمسن اور ان کے ہمراہی افسران متعلق قیدیوں کے انگلستان کو بھیجے جاویں گے کہ وہاں پر عدالتی تحقیقات میں جوابدہی کریں اور باقی آدمی برٹش گورنمنٹ کو حوالہ کیے جاویں گے کہ جو سلوک مناسب سمجھیں ان کے ساتھ کرے۔ اس انتظام کا کو کر کے سر ہرکولیز رابنسن صاحب پریٹوریا سے کیپ میں واپس آ گئے ہیں ؛ عام

گیارہواں اجلاس انڈین نیشنل کانگریس

(اہل پونا کا جوش)

جس وقت مدراس میں یہ جوش ریزولیوشن گیسٹ صاحبان نے ایسی عظیم الشان قومی مجمع کو اپنے شہر اور تاریخی شہر میں جمع کیا تھا کس کو خیال تھا کہ انعقاد جلسہ کے وقت اس قدر عظیم اختلاف پیدا ہوں گے یا مخالفین اور حاسدین کو باہمی اختلاف پر مضحکہ اڑانے کا موقع ملے گا۔ ابتدا ستمبر میں اس قدر اختلاف تھا کہ بے اطمینانی پیدا ہو گئی تھی کہ شاید جلسہ بخوش اسلوبی نہ ہو سکے جس خوف کی وجہ سے بعض کانگریس کمیشن نے یہاں تک رائے ظاہر کر دی تھی کہ جلسہ کانگریس دوسرے شہر میں منتقل کر دیا جائے اس اختلاف پر کل ملک کو افسوس تھا مگر اس کے ساتھ ہم نے کبھی ان لوگوں کے ساتھ اتفاق ظاہر نہیں کیا جو سمجھتے تھے کہ کانگریس کو اختلاف سے نقصان پہنچے گا کیونکہ ہم واقف تھے کہ اختلاف کانگریس کی نسبت نہیں ہے بلکہ ایک فروعی امر کی نسبت جسکو کانگریس سے کوئی تعلق نہیں ہے ہم واقف تھے کہ دونوں فریق سوشل کانفرنس کے بارہ میں اختلاف ظاہر کریں مگر کانگریس کی نسبت کوئی اختلاف نہیں رکھتے اور نہ ان کو قومی کام سے کوئی عداوت تھی۔ اختلاف اگر بدنیتی کی بنیاد پر ہو تو اس سے ضرر کا خوف ہو سکتا ہے مگر نیک نیتی سے کسی مسئلہ پر اختلاف رائے خود اس مسئلہ کو مضر نہیں ہو سکتا ہے۔ یہی کیفیت پونا میں کانگریس کی حالی (?) اہل ملک سے مخالفین و دشمنان کا دل خوش ... اہل پونا کے جوش کا نہیں ہو سکتا ہے یہاں لوگ خود غرضی میں مبتلا ہیں اگر ملک کی ہمدردی کا خیال ہی پیدا ہوا تو محض اپنی ذات تک محدود ہو۔ یہاں ریفارمنگ ہیں کے دو شریک ہیں پونا میں جا بجا بہتے ہیں وہ صرف کانگریس کی نسبت پر جوش نہیں ہیں بلکہ ان میں ایسی بات ہے کہ وہ مختلف ملکی مسائل پر جن پر ملک کی بھلائی منحصر ہو اپنی رائے دے سکتے ہیں اور واقعات پیش کر سکتے ہیں۔ دو کارداروں سے ملے وہ ہماری کے نام ہی سے نہیں واقف ہیں بلکہ سمجھتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ کانگریس کے مال تجارت کا لحاظ کرے تو بازاروں کی سرد گرمی مٹ سکتی ہے اور ہندوستان کی تجارت کو فروغ ہو سکتا ہے ہم یا فتہ جماعت کے جوش کی نسبت کچھ بھی لکھنا فضول سمجھ (?) دل و جان سے کانگریس کو عزیز و مقدم سمجھتے ہیں وقومی خیال پیدا ہو گیا ہے اور اس وقت ہندوستان کے مختلف حصص میں ایک گروہ ہندوستانیوں کا ایسا پیدا ہو گیا ہے جس کی رگوں میں اگر ایک خون بہتا ہے تو دماغ میں ایک خیال ہے اور وہ خیال چاہتا ہے جس طرح سے ظاہر کیا جائے گورنمنٹ امید کہ وقت یہیں ہے کہ ہندوستان کی حالت درست ہو اور اہل ہند خواب غفلت سے بیدار ہوں ؛ (دوست ہند بمبئی)

مرکر زندہ ہونا

پونا میں نیشنل کانگریس کے ایک ممبر کی نسبت مرکر زندہ ہونے کی عجیب کیفیت وقوع میں آئی۔ یہ برہمن تھا اور ڈاکٹر سکینیٹ مقرر ہو کر آیا تھا۔ وہ دفعتاً بیمار ہو گیا اور ایسی حالت ہو گئی کہ بالکل مردہ تصور کیا گیا۔ دوستوں نے جنازہ تیار کیا اور اس کی لاش کو لپیٹ کر حسب دستور گھاٹ کو لیجاتے تھے کہ تختہ پر کچھ حرکت معلوم ہوئی۔ صلاح ٹھہری کہ جنازہ کو واپس کریں۔ مکان پر لا کر دیکھا کہ جان ہی باقی نہیں ہے بلکہ بھلا چنگا آدمی ہے۔ وہ بیمار وہی تھا۔ دوستوں کو بیہ حال معلوم کر کے بڑی خوشی حاصل ہوئی ؛ کو چند گزٹ

کتوں کی نمائش

"حال ہندوستان ہندی رسالہ میں ہے کہ نمائش سگان مقام برگھم میں ایک کتا ۔ ۴۰ پونڈ میں مسٹر جے اہل صاحب نے خریدا اور دوسرا کتا ۔ ۲۰ پونڈ کو فروخت ہوا۔ پونڈ اب پندرہ روپیہ سے زیادہ ہے ؛

"صاحب اخبار تحریر کرتے ہیں کہ کیا ہندوستان کے اکثر معقول زمینداروں کی آمدنی کے برابر بھی قیمت نہیں ہے" ؛

یہہ سب روپیہ کے جو چلے ہیں جہاں پر فرشتہ ہوتی ہے وہاں یہہ نمائش ہے ... کچھ عرصہ گذرا کلکتہ میں ایک بابو صاحب



ملکوں اور شہروں کی خبریں مختصر

برطانیہ کی کیبنٹ کونسل میں لارڈ سالسبری صاحب نے کہا فرانس سے دوستی پختہ ہو رہی ہے ٭

چند قدیم جھگڑے قطعی ہو گئے اور فرانس اور روس کے ساتھ اتحاد کی برکت صاف ہو رہی ہے ٭

پارلیمنٹ لنڈن میں معاملات وینزویلا و ٹرنسوال سے متعلق کل سرکاری کاغذات پیش ہوں گے ٭

ان کی طرف وینزویلا اور امریکن کمیشن کو برٹش حقوق کی بابت تجویز تسلیم ہو جاویگی ٭

پریسیڈنٹ کروگر نے انگریزی رعایا کی بابت قدر کرنے کے لئے ایک مشتہرنامہ جاری فرمایا ہے ٭

اس میں دونوں فریقوں کو ہدایت کی ہے کہ اختلافات کو بھول جاویں اور معاف کریں ٭

برطانیہ کا فرض ہے جو جس دست اندازی کو روکے اُس کو جنوبی افریقہ سے کیا واسطہ ہے ٭

پٹیالہ کی مہارانی فلارنس صاحبہ کے صاحبزادی پیدا ہوئی ہے - اس بچی کا نام ... ہے ٭

شملہ کی خبر ہے کہ بارش ہوئی اور برف پڑی عجیب!

علیگڈھ میں فوج کا مشقی کیمپ ۳ جنوری سے شروع ہوگا ٭

ماہ نومبر کراچی سے ۳ لاکھ ۰ ہزار گیہوں ممالک غیر کو روانہ ہوئی ٭

جرمنی سے ۳ مشنری عورتیں اور اسی قدر مشنری لوگ ترویج مذہب کے لئے وارد ہند ہوئے ٭

سید محمد لطیف ڈپٹی صاحب مورخ پنجاب نے رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے فیلو کئے گئے ٭

پریسیڈنٹ ٹرنسوال نے انگلی توپخانہ کے عظیم اضافہ کی بابت حکم دیا ہے ٭

بحیرہ روم کے برٹش بیڑہ کا دوسرا ڈویژن انگلستان کو روانہ ہو گیا ٭

میکانگ کا سوال طے پایا ہے برطانیہ نے اس کے مغرب کا علاقہ متنازعہ فیہ فرانس کو دیدیا ٭

امید عام ہے کہ معاملات وینزویلا و ٹرنسوال میں نوبت جنگ کی نہیں پہنچیگی ٭

سر کلاڈ میکڈانلڈ صاحب برٹش وزیر دربار پیکن (چین) مقرر ہوئے ٭

یہہ صاحب ساحل نائجر کے برٹش علاقہ کے شاہی کمشنر و کانسل جنرل ہیں ٭

جنرل ڈاڈز صاحب فرانسیسی انڈو چائنا کی فرنچ فوجوں کے کمانڈر مقرر ہوئے ٭

بلیکبرن میں ایک ہی کارخانہ کے ۳ ہزار تانے بانے بند ہونے سے مزدوروں کی فاقہ کشی ہے ٭

یونانی شاہزادہ نکولاس نے ولوچ میں برٹش توپخانہ کی سیر کی اور آتشبازی دیکھی ٭

پرنس [illegible] کی نسبت شاہ [illegible] سے حضور قیصرہ ہند نے منظور کرلی ٭

ولیعہد روس کی بیماری بدستور سخت ہے ظاہرا امید بچنے کی کمتر بیان ہوتی ہے ٭

سر آگسٹس ہمنگ صاحب برٹش گیانا کے گورنر مقرر کئے گئے ہیں ٭

سر راپر لتھبرج صاحب سابق پریس کمشنر ہند کی میم صاحبہ لنڈن میں مرگئیں ٭

سرحد سیام کے صوبہ میکانگ کا علاقہ متنازعہ فیہ انگلستان نے فرانس کو دیدیا ہے ٭

اس سے ظاہر ہے کہ انگلستان و فرانس کے درمیان دوستی کی راہ نکالی گئی ہے ٭

شمال مغرب چین کی بغاوت فرو ہوئی ہے باغیوں میں باہم ناچاقی ہونے کے باعث ٭

الیمو کے فرانسیسی کانسل نے چینیوں کو کہ کر بعض رعایا کو سمجھا کر منتشر کیا ہے ٭

دشت پامیر میں روسی چھاؤنی کے متصل ایک کاروانسرائے قائم کی گئی ہے ٭

برٹش گورنمنٹ نے حکم دیا کہ دس نئے جہاز دخانی قسم کروزر بنائے جاویں ٭

یہہ جہاز بسرعت تمام تیار ہوں گے برٹش کی بحری طاقت مضبوط کی جاوے ٭

لارڈ سالسبری صاحب نے آسٹریلیا کے پیغام امداد کا صدق دل سے شکریہ بھیجا ہے ٭

وینزویلا کی مجلس پارلیمنٹ کا دوبارہ جلسہ جو بوجہ جوش ہیجان کے برخاست کیا گیا ٭

مسٹر سیسل روڈز صاحب ۹ جنوری کو جنوبی افریقہ سے روانہ لنڈن ہو گئے ٭


ڈاکٹر جیمسن اور ان کے افسران جنوبی افریقہ سے انگلستان کو بھیجے گئے ٭

ان کا وہاں مقدمہ ہوگا اور گورنمنٹ جو مناسب خیال کریگی سزا دیگی ٭

اٹلی کے جنرل باراٹیری کی حالت سرحد ابی سینیا کے مقام ماکالے میں نازک ہے ٭

بہر حال ابی سینیا والوں کے شکست کھانے سے غالبا وہ اپنی حالت کو قائم رکھ سکیں ٭

برٹش بیڑہ جہازات سلونیکا میں آیا تھا واپس مالٹا کو چلا گیا ٭



مضامین مفید المبتدین

بقیہ

بائبل کا تواریخی انڈکس

تیسرا زمانہ

ابرہام کے بلائے جانے سے بنی اسرائیل کے ملک کنعان میں داخل ہونے تک

قبل از مسیح	حوالہ کلام الٰہی	مضمون
۱۴۹۰	خروج ۱۹ سے ۴۰ باب تک	شریعت دی گئی۔ خدا کا عہد ان کے ساتھ کیا گیا۔ انہوں نے اس کو توڑ دیا۔ خدا نے پھر دوبارہ اس عہد کو قائم کیا۔ حکم دیا گیا اور بنی اسرائیل کو ان کی بغاوت کے سبب چالیس برس تک بیابان میں پھرنا پڑا اور پھر ... سزا ملی (... ۲۰ باب)۔
۱۴۵۱	استثنا ۳۴ باب	موسیٰ ۱۲۰ برس کا ہو کر مر گیا۔ بیابان کی تاریخ کا خاتمہ ہو گیا۔

چوتھا زمانہ

بنی اسرائیل کے ملک کنعان میں داخل ہونے سے ہیکل کے تعمیر ہونے تک

قبل از مسیح	حوالہ کلام الٰہی	مضمون
۱۴۵۱	یشوع	بنی اسرائیل کا یشوع کی ماتحتی میں یردن کو عبور کرنا اور ملک کنعان کا آہستہ آہستہ فتح کرنا۔
۱۴۴۳	یشوع ۲۴ باب ۲۹	یشوع ۱۱۰ برس کا ہو کر مر گیا۔
۱۴۲۳	قضاۃ ۲ ...	بعد ازاں نئی نسل میں ... بنی اسرائیل اسیری کیلئے ...
[illegible]	قضاۃ ...	... اسرائیل ... قاضی ... سے ... شہروں میں ...
۱۱۴۱	۱ سموئیل ۴ باب	فلستیوں کے ہاتھ صندوق کا لے جانا۔ عیلی کی موت۔ سموئیل کا اختیار۔
۱۰۹۵	۱ سموئیل ۱۰ باب تک	ساؤل سموئیل سے بادشاہ مسح کیا گیا۔
۱۰۸۵	۱۶ باب ۱	داؤد بیت لحم میں پیدا ہوا۔
۱۰۶۳	۱۶ باب ۱۳	خدا نے ساؤل کو نافرمانی کے سبب رد کر کے داؤد کو بادشاہ مقرر کیا۔
۱۰۵۵	۳۱ باب	ساؤل نے لڑائی میں خود کشی کی اور داؤد یہوداہ کا بادشاہ قرار دیا گیا۔
۱۰۴۸	۲ سموئیل ۵ باب	سات برس کی سلطنت کے بعد داؤد تمام بنی اسرائیل کا بادشاہ ہو گیا۔
۱۰۳۵	۱۱ باب	داؤد کا بڑا گناہ
۱۰۲۳	۱۵ سے ۱۸ باب تک	ابی سلوم کی بغاوت اور موت۔
۱۰۱۵	۱ سلاطین ۱ و ۲	داؤد کی موت اور سلیمان کا اس کی جگہ بادشاہ ہونا۔
۱۰۰۴	۵ سے ۸ باب تک	سلیمان کی ہیکل جو سات برس تک تعمیر ہوتی رہی۔
	۲ تواریخ ۵، ۶، ۷ باب	ہیکل کی تخصیص بڑی سنجیدگی اور خوشی سے عمل میں آئی اور خدا کی خاص حضوری۔



ماں کی خواہش

ایک مرہٹی عورت کا ذکر ہے کہ اُس کا شوہر گورنمنٹ ریاست میں پولس کا عہدہ دار تھا اس کو خدا نے پانچ لڑکے دئے تھے۔ باپ صرف نام کا عیسائی تھا پر ماں چونکہ کسی آرفنیج اسکول میں بچپن ہی میں ڈالی گئی تھی اس وجہ سے بائبل کی تعلیمات سے خوب ماہر تھی اور اپنی زندگی سچے مسیحیوں کی مانند بسر کرتی تھی پر اپنے شوہر کی بے پروائی و لڑکوں کے تعلیم نہ پانے کی وجہ سے ہمیشہ فکرمند رہتی تھی بارہا اپنے شوہر سے کہا کہ لڑکوں کو تعلیم پانے کے لئے کسی مسیحی مدرسے میں داخل کرو ورنہ ان کی زندگی مثل تمہارے برباد ہو جائیگی اور یہ بیچارے مسیح کی نجات و برکتوں سے محروم رہ جائیں گے۔ باپ کچھ بھی توجہ نہیں کرکے ہمیشہ ٹال دیتا تھا۔ ہر ان گفتگوؤں کو بچے بیٹھے سنتے تھے۔ سب لڑکوں میں چلبلی بڑی لڑکی تھی۔ اور جہاں تک ماں باپ بولتے تھے بغور سنتی و سوچتی تھی۔ ایک روز جب باپ حسب معمول اپنے کام پر گیا تو لڑکی نے ماں سے پوچھا۔ کہ ماں مسیح کون ہے۔ اور زندگی کس طرح برباد ہو جاتی ہے۔ ماں پیاری لڑکی کی باتیں سن کر اپنے جی میں خوش ہوتی تھی اور جب سب سن چکی تو بڑے پیار سے اپنی لڑکی کو بوسہ دیکر گود میں اٹھا لیا اور بولی بیٹی مسیح خدا کا بیٹا اور دنیا کا بچانے والا ہے۔ قریب دو ہزار برس کے ہوئے کہ وہ اس دنیا میں گنہگاروں کے بچانے کے لئے آیا تھا۔ لڑکی بولی کہ کیا وہ لڑکوں کو بھی بچاتا ہے۔ ماں نے کہا ہاں اُس نے چھوٹے لڑکوں کو اپنے گود میں لیا اور اُن پر ہاتھ رکھکر انہیں برکت دی۔ اور اُس نے کہا کہ لڑکوں کو میرے پاس آنے دو اور انہیں منع نہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہت ایسوں ہی کی ہے۔ لڑکی نے کہا کہ ماں میں چاہتی ہوں کہ ایسی باتیں سیکھوں اور آنکی بات

[illegible]

شعر و سخن

غزل

مبارک کسو [illegible] نام مسیح آغاز دوراں کا
بیاں ہر بات میں ہے درج ہیں [illegible] دوراں کا
مگر [illegible] کا مسودہ [illegible] سبحاں کا
دل وارفتہ شیدا ہے [illegible] دوراں کا
[illegible]
[illegible] سبب [illegible] کا
[illegible] باہم محبت کرتے [illegible]
محبت کیجئے ہو [illegible] کا
[illegible]
غرور و [illegible] گیا [illegible] کا
ہوا [illegible] روشن
یہ [illegible] کا
مسیح [illegible] کی [illegible] نے [illegible]
درخت [illegible] کا
[illegible]
محبت ہو [illegible]
[illegible] حق سے
یہ [illegible] ہم [illegible] کا
مسیح پاک [illegible]
[illegible] اللہ [illegible] کا
[illegible] آدم
[illegible] کا

زرد کا اپنے پیارا کرنے سے بچوں کو حسد ادنا
نہیں جھلانے کی دوستی ہر [illegible]
ہزاروں بیٹھے ہیں [illegible]
کہاں [illegible] مقصد کو تخت سلیماں کا
سیکھا آپ نے کرنا [illegible] کرامت
[illegible] کیوں نہ پہنچے [illegible] دامن گریباں کا
خیال [illegible] دست [illegible] ایک سے
دل اپنا [illegible] عالم [illegible] منت گلستاں کا

التماس

نامہ نگاروں کی خدمت میں التماس ہے کہ اپنے مضامین کو خوشخطی کے ساتھ صاف صاف تحریر فرما کر ارسال کریں اکثر نامہ نگار ایسی بدخطی و شکستگی کے ساتھ مضمون تحریر کرتے ہیں کہ جن کا پڑھنا غیر ممکن معلوم ہوتا ہے اگر آئندہ ان باتوں کا لحاظ نہ کیا جائے گا تو ایسے مضمون درج اخبار نہوں گے۔ (اڈیٹر)

اشتہار

چونکہ جنڈیالہ (ضلع امرتسر) کے دیہاتی مشن سکول کے لئے چند استادوں کی ضرورت ہے اس لئے واسطے آگاہی عوام الناس بذریعہ اشتہار ہذا کے بوسیلہ سے اطلاع دی جاتی ہے کہ۔

(۱) درخواست کنندہ اپنے سارٹیفکیٹ کی نقل عمر اور سابق ملازمت کا حال لکھے۔

(۲) وہی شخص درخواست کر سکتا ہے جس نے [illegible] کا امتحان پاس کیا ہو۔ مذہب و قوم کا لحاظ نہ ہوگا۔

(۳) مڈل پاس والوں کو مڈل والوں پر ترجیح دی جاوے گی۔

(۴) انگلش و ورنیکولر واسطے ورنیکولر والوں پر ترجیح حاصل کریں گے۔

(۵) مشن سکولوں کے طالب علم سرکاری طلباء سے سبقت حاصل کریں گے۔

(۶) قصباتی اور دیہاتی لوگ شہر والوں سے زیادہ پسند کئے جاویں گے۔

(۷) تنخواہ وغیرہ کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہوگا۔

درخواستیں ذیل کے پتہ پر آنی چاہئیں۔

جنڈیالہ ضلع امرتسر ۱۲ جنوری ۱۹۰۲ء	وارث الدین مہتمم مشن سکولان جنڈیالہ ضلع امرتسر

لطیفے

کسی مسخرے نے ایک بڈھے سے کہا کہ بڈھے میاں آپ کیا تلاش کرتے ہیں۔ بڈھے نے کہا جوانی۔ مسخرے نے کہا کہ کہیں آپ جو ڈھونڈتے ہو یہ کیوں نہیں کہتے کہ قبر کے واسطے ایک دو گز زمین۔

کسی مولوی صاحب نے ایک حجام کو دیکھا کہ [illegible] بازار سے [illegible] ہوئے [illegible] مولوی صاحب فرمانے لگے کہ [illegible] جب [illegible] شرعی [illegible] حجام کو مولوی صاحب کا کلام کچھ واہیات سا معلوم ہوا [illegible] گوہ [illegible]